# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 13 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نوجوانوں کی طاقت بھارت کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے؛ 16 ویں روزگار میلے میں وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست کے ممبئی، ناگپور اور پونے کے روزگار میلوں میں معزز شخصیات کے ہاتھوں نوجوانوں میں تقرری کے خطوط کیے گئے تقسیم۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن نے آشاڑھی واری کیلئے سفری خدمات کے ذریعے کمائے 35 کروڑ 87 لاکھ 61 ہزار روپئے۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر سرکاری کینسر اسپتال میں ڈیجیٹل میموگرافی مشین کی فراہمی اور چھاتی کے کینسر کی تشخیص کیلئے کیمپ کا انعقاد۔

☆ لارڈس ٹیسٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کی پہلی اننگ برابری پر؛ دوسری جانب ومبلڈن ٹینس مقابلے میں پولینڈ کی اِگا شیویانتیک نے جیتا ومینس سنگلز کا خطاب۔ اور۔۔۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی طاقت ہی بھارت کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ ملک کے 47 شہروں میں کل روزگار میلوں کا انعقاد کیا گیا۔ وزیرِ اعظم نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ان میلوں سے خطاب کیا اور ملک بھر کے 51 ہزار نوجوان مرد و خواتین کو ملازمتوں کے نامزدگی خطوط تقسیم کیے، ساتھ ہی انھیں مبارکباد بھی دی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ان میلوں کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنا کر ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کی خاطر مرکزی حکومت کے عزم کو اُجاگر کیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کی جمہوریت اور آبادی کی طاقت آج دنیا کے سامنے ایک مثال ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

**** **** *****

ریلوے کے محکمے نے ریاست میں ممبئی، ناگپور اور پونے میں روزگار میلے کا انعقاد کیا۔ ممبئی کے چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمینس پر کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گویل کی موجودگی میں روزگار میلہ منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر فروغِ ہنرمندی کے ریاستی وزیر منگل پربھات لوڈھا اور وسطی ریلوے کے سینئر افسران موجود تھے۔ گویل نے کہا کہ یہ دِن نہ صرف نوکری حاصل کرنے کا بلکہ ملک کی ترقی میں حصہ ڈالنے کا بھی سنہری موقع ہے۔

**** **** *****

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کل ناگپور میں 149 امیدواروں میں تقرر نامے تقسیم کیے۔ اس موقع پر وزیرِ موصوف نے نئے نامزد ہونے والے سرکاری ملازمین سے اپیل کی کہ وہ سرکاری ملازمتوں کو معاشرے اور ملک کی خدمت کا موقع سمجھیں اور اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

اسی طرح پونے کے کورے گاؤں میں منعقدہ ایک روزگار میلے میں شہری ہوابازی کے وزیرِ مملکت مرلی دھرموہول نے 200 نوجوانوں اور خواتین میں نامزدگی کے خطوط تقسیم کیے۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ ناگپور میں نیشنل اکیڈمی آف ڈیفنس پروڈکشن (NADP) سے مینجمنٹ میں ڈپلومہ حاصل کرنے والے طلبہ دفاعی شعبے میں خودکفیل ہونے کی خاطر اہم کردار ادا کریں۔ گورنر کل ناگپور میں NADP اکیڈمی کے پہلے تقسیمِ اسناد جلسے سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے NADP فراہم کی جانے والی سہولیات اور تعلیمی کامپلیکس کا معائنہ کیا۔

***** ***** *****

یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے 12 قلعوں کو شامل کرنے پر ہر طرف خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں وزیرِ اعظم مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ مراٹھا سلطنت کی شناخت، بہترین حکمرانی، سماجی ترقی، فوجی طاقت اور تہذیب کے فخر سے جڑی ہوئی ہے۔

***** ***** *****

اس موقع پر ممبئی کے شیواجی پارک میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے گھڑ سوار مجسّمے پر پھول نچھاور کر کے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر پیوش گویل، ثقافتی اُمور کے ریاستی وزیر آشیش شیلار، ہنر مندی کے فروغ کے ریاستی وزیر منگل پربھات لوڈھا اور دیگر معززین موجود تھے۔

وہیں ستارا کے پوائی ناکے پر چھترپتی شیواجی مہاراج کے مجسّمے پر انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ بھگوا جھنڈیوں سے سجائے گئے پوائی ناکے پر مہاراج کی شان میں قصیدے پڑھے گئے اور ایڈوینچر گیمس پیش کیے گئے۔

***** ***** *****

رواں برس آشاڑھی یاترا کے موقع پر ایس ٹی کارپوریشن نے پانچ ہزار 200 اضافی بسوں کی 21 ہزار 500 پھیریوں کے ذریعے نو لاکھ 71 ہزار 683 عقیدت مندوں اور مسافروں کو حفاظت کے ساتھ سفری خدمات فراہم کیں۔ ٹرانسپورٹ محکمے کے وزیر اور ایس ٹی کارپوریشن کے چیئرمین پرتاپ سرنائیک نے بتایا کہ ایس ٹی کو ان سفری خدمات سے 35 کروڑ 87 لاکھ 61 ہزار روپؤں کی آمدنی ہوئی ہے۔ وزیرِ موصوف نے اس موقع پر ایس ٹی کے ہزاروں ڈرائیورس، کنڈکٹرز، میکانیکل اسٹاف اور عہدیداروں کو مبارکباد دی، جن کی محنت سے اچھی آمدنی ہوئی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

سماجی انصاف کے وزیر اور چھترپتی سمبھاجی نگر کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹھ نے شہر کے کینسر اسپتال کے تمام ڈاکٹرس اور طبّی عملے سے اپیل کی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پہل کریں کہ اس اسپتال میں آنے والے ہر مریض کو مناسب علاج ملے۔ وزیرِ موصوف کل سرکاری کینسر اسپتال میں ڈیجیٹل میموگرافی مشین کی فراہمی اور چھاتی کے کینسر کی تشخیص کیلئے منعقد کیے گئے کیمپ کے افتتاح کے بعد بول رہے تھے۔ یہ کیمپ آئندہ منگل تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

اسی بیچ رابطہ وزیر شرساٹ نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں قبضہ جات ہٹاؤ مہم کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر جی شری کانت نے بتایا کہ یہ مہم شہر کے ترقیاتی منصوبے اور ہائی کورٹ کے حکم کے مطابق چلائی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جن شہریان کے پاس تعمیرات کی اجازت نامے ہیں ان کی تعمیرات کو گرایا نہیں جائے گا، تاہم انھیں نشان زد کیا جائے گا اور انھیں اپنی بات رکھنے کا موقع دیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع جنرل اسپتال میں کل صحت کی مملکتی وزیر اور ضلع کی رابطہ وزیر میگھنا ساکورے بورڈیکر کے ہاتھوں ہیموفیلیا کے مریضوں کیلئے Hemlibra Injection عوام کے نام وقف کیا گیا۔ پربھنی ضلع میں اس بیماری کے کُل 48 مریض ہیں۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ دھاراشیو کے ضلع سرکاری اسپتال کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک سے 329 کروڑ روپئوں کا قرض لینے کے بعد اب اسپتال کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ وہ کل دھاراشیو میں صحیفہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ایک سرکاری میڈیکل کالج اور طبی تعلیم کی عمارت تعمیر کرنے کی تجویز ہے اور اس سلسلے میں کاوشیں کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم گھر کل رہائشی اسکیم کے تحت ہنگولی ضلع کی آکھاڑا بالا پور گرام پنچایت کی حدود کے 950 شہریان کو مکانات منظور کیے گئے ہیں۔ کل ان میں سے 800 استفادہ کنندگان کو کلمنوری کے رکنِ اسمبلی سنتوش بانگر اور تحصیلدار جیوک کمار کا مبلے کے ہاتھوں فنڈ کی پہلی قسط تقسیم کی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے تاریخ داں رفعت قریشی کی پہلی برسی کے موقع پر کل شہر میں انڈین نیشنل ٹرسٹ فار آرٹس اینڈ کلچرل ہیریٹیج (INTAC) کی جانب سے اورنگ آباد غاروں میں ہیریٹیج واک کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر تاریخ داں ڈاکٹر دُلاری قریشی نے مجسّموں کی خوبصورتی اور ان غاروں کی تاریخ کے بارے میں معلومات دی۔ اسی کے تحت آج اورنگ پورہ کے شری بال کرشنا مہاراج سماج مندر میں دوسرے ہیریٹیج واک کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان کل لارڈس میں کھیلے گئے تیسرے ٹیسٹ میچ کے دوران انگلینڈ نے دوسری اننگ میں بغیر کسی نقصان کے دو رن بنا کر دو رنوں کی برتری حاصل کر لی۔ اس سے قبل بھارت نے اپنی پہلی اننگ میں 387 رنز بنا کر انگلینڈ کی پہلی اننگ کی برابری کی تھی۔ پانچ میچوں کی اس سیریز میں اب دونوں ٹیمیں ایک۔ ایک کی برابری پر ہیں۔

***** ***** *****

پولینڈ کی ایگا شیویانتیک نے ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ کے ویمنز سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ فائنل میچ میں اِگا نے امریکہ کی امانڈہ اینِسی مووا کو شکست دے دی۔ مینز سنگلز میں فائنل میچ آج ٹاپ سیڈ یانک سنر اور سیکنڈ سیڈ کارلوس الکاراز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال

وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ پہاڑی علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کئی مقامات پر بجلی کی چمک کے ساتھ تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ان علاقوں میں 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی پیشن گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نوجوانوں کی طاقت بھارت کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے؛16 ویں روزگار میلے میں وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست کے ممبئی، ناگپور اور پونے کے روزگار میلوں میں معزز شخصیات کے ہاتھوں نوجوانوں میں تقرری کے خطوط کیے گئے تقسیم۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن نے آشاڑھی واری کیلئے سفری خدمات کے ذریعے کمائے 35 کروڑ 87 لاکھ 61 ہزار روپئے۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر سرکاری کینسر اسپتال میں ڈیجیٹل میموگرافی مشین کی فراہمی اور چھاتی کے کینسر کی تشخیص کیلئے کیمپ کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ لارڈس ٹیسٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کی پہلی اننگ برابری پر؛ دوسری جانب ومبلڈن ٹینس مقابلے میں پولینڈ کی اِگا شیویانتیک نے جیتا ویمنس سنگلز کا خطاب۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****